سوال

رمضان المبارک کے تین عشروں کی دعائیں

جواب

رمضان کے تین عشروں کی دعائیں؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ رمضان المبارک کے تین عشروں کیلیئے جوالگ الگ تین دعائیں کتب اور انٹر نیٹ پر عام پھیلی ہوئی ہیں، کیا وہ سنت سے ثابت ہیں؟ پہلے عشرے کی دعا : یا حی یا قیوم برحمتک استغیث دوسرے عشرے کی دعا : استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ تیسرے عشرے کی دعا : اللھم اجرنی من النار۔ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! رمضان کے مہینے میں اگرچہ کثرت سے دعائیں کرنی چاہئیں اوران میں یہ دعائیں بھی کی جاسکتی ہیں۔ لیکن ان دعاؤں کی تینوں عشروں کے ساتھ تخصیص کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ لہذا بہتر یہی ہے کہ بلا تخصیص ہی اللہ سے دعائیں کی جائیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی